आरज़ू

آرزو

اداکاران

راجیندر کمار۔ سادھنا
فیروز۔ محمود

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانے
آرزو فلم کے

گانا نمبر۱

اے نرگسِ مستانہ بس اتنی شکایت ہے
سمجھا ہمیں بیگانہ۔ بس اتنی شکایت ہے
ہو جاتے ہو برہم بھی۔ بن جاتے ہو ہمدم بھی
اے ساقیِ میخانہ شعلہ بھی ہو شبنم بھی
خالی میرا پیمانہ۔ بس اتنی شکایت ہے
اے نرگسِ مستانہ......
ہر رنگ قیامت ہے ہر ڈھنگ شرارت ہے
دل توڑ کے چل دینا یہ حسن کی عادت ہے
آتا نہیں بہلانا۔ بس اتنی شکایت ہے
اے نرگسِ مستانہ......

گانا نمبر۲:۔ اجی روٹھ کے اب کہاں جایئے گا
جہاں جایئے گا ہمیں پایئے گا
نگاہوں سے چھپ کر بتاؤ تو جائیں
خیالوں میں بھی تم نہ آؤ تو جائیں
اجی لاکھ پردوں میں چھپ جایئے گا
نظر آیئے گا۔ نظر آیئے گا
اجی روٹھ کے....

جو دِل میں ہے ہونٹوں پہ لانا ہے مشکل
مگر اس کو دِل میں چھپانا بھی مشکل
نظر کی زباں سے سمجھ جایئے گا
سمجھ کر ذرا غور فرمایئے گا
اجی ردٹھ کے....

گانا نمبر ۱۳:۔ اجی ہم سے بچ کر کہاں جایئے گا
جہاں جایئے گا ہمیں پایئے گا
یہ کیسا نشہ ہے یہ کیسا اثر ہے
نہ قابو میں دل ہے نہ بس میں نظر ہے
ذرا ہوش آنے چلے جایئے گا
ٹھہر جایئے گا ٹھہر جایئے گا
اجی ہم سے بچکر....
جہاں جایئے گا...

گانا نمبر ۱۴:۔ اسے پھولوں کی رانی بہاروں کی ملکہ
تیرا مسکرانا غضب ہو گیا
نہ دل ہوش میں ہے نہ ہم ہوش میں ہیں
نظر کا ملانا غضب ہو گیا
تیرے ہونٹ کیا ہیں گلابی کنول ہیں
یہ دو پتیاں پیار کی اک غزل ہیں
وہ نازک لبوں سے محبت کی باتیں
ہمیں کو سنانا غضب ہو گیا

کبھی کھل کے ملنا کبھی خود جھجکنا
کبھی راستوں پر بہکنا بہکنا
یہ پلکوں کی چلمن اٹھا کر گرانا
گرا کر اٹھانا غضب ہو گیا
فضاؤں میں ٹھنڈک گھٹا پر جوانی
تیرے گیسوؤں کی بڑی مہربانی
ہر اک پیچ میں سینکڑوں میکدے ہیں
ترا تڑ کھڑانا غضب ہو گیا
اے پھولوں کی رانی...

گانا نمبر۵: چھلکے تیری آنکھوں سے شراب اور زیادہ
کھلتے رہیں ہونٹوں کے گلاب اور زیادہ
کیا بات ہے جانے تیری محفل میں ستمگر
دھڑکے ہے دلِ خانہ خراب اور زیادہ
اس دل میں ابھی اور بھی زخموں کی جگہ ہے
ابرو کی کٹاری کو دو آب اور زیادہ
تو عشق کے طوفان کو باہوں میں جکڑ لے
اللہ کرے زورِ شباب اور زیادہ
چھلکے تیری آنکھوں...

گانا نمبر۶: بیدردی بلما تجھ کو میرا دل یاد کرتا ہے
برستا ہے جو آنکھوں سے
وہ ساون یاد کرتا ہے

کبھی ہم ساتھ گذرے جن سجیلی راہگذاروں سے
خزاں کے بھیس میں گرتے ہیں اب پتے چناروں سے
یہ راہیں یاد کرتی ہیں یہ گلشن یاد کرتا ہے
بیدردی بالما....

کوئی جھونکا ہوا کا جب
آنچل اُڑاتا ہے
گمان ہوتا ہے جیسے تو میرا دامن ہلاتا ہے
کبھی چوما تھا جو تو نے وہ دامن یاد کرتا ہے
بیدردی بالما...

وہی ہیں جھیل کے منظر
وہی کرنوں کی برساتیں
جہاں ہم تم کیا کرتے تھے
پہروں پیار کی باتیں
تجھے اس جھیل کا
خاموش درپن یاد کرتا ہے
بیدردی بالما..

گانا نمبر ۴

جب عشق کہیں ہو جاتا ہے
تب ایسی حالت ہوتی ہے
محفل میں جی گھبراتا ہے
تنہائی کی عادت ہوتی ہے

یہ عشق چھپائے چھپ نہ سکا
یہ عشق وہ جلتا جادو ہے
کچھ ہونٹ نہیں دیتے ناتم
اُس عشق پہ کس کا قابو ہے

ہم عشق میں بیچ دِ غم اتنے
گویا محبوب کا گیسو ہے
ہر جانب پھیلتی جاتی ہے
اک عشق کی ایسی خوشبو ہے

چہرے سے عیاں ہو جاتی ہے
کیا چیز محبت ہوتی ہے ۔ محفل میں ۔ ۔
آنکھوں میں لاکھوں افسانے
خاموش ہیں جب وہ منزل ہے

ہر سانس میں لاکھوں طوفاں ہیں
طوفان میں دِل کا ساحل ہے
ارمان مچلتے رہتے ہیں
یہ درد بڑا ہی قاتل ہے

رد کے سے قیامت رُک جائے
پر روکنا دِل کا مشکل ہے
دیدار کی پیاسی آنکھوں کو دیدار کی حسرت ہوتی ہے
محفل سے ۔ ۔ ۔
تمام شد

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

- عملیات تسخیر عالم ۳/-/۰
- عملیات تسخیر محبوب ۱/۸/-
- عملیات قلوب ۵/-/-
- مکمل جادوگری ۵/۹/-
- چین بنگال کا جادو -/۱۲/-
- کامروپ کا جادو -/۱۲/۰
- رہنما جادوگری ۱/۶/-
- نقش سلیمانی ۱/-/۰
- تعویز سلیمانی ۱/-/-
- عملیات بشنی گرن ۲/-/-
- اندر جال ۱/۸/۰
- اُستاد جادوگراں ۳/-/۰
- جادو مسمریزم ۲/-/-
- کالا جادو ۴/-/-
- الو تنتر ۳/-/-
- کوا تنتر ۴/-/۰
- نقش رومانی -/۱۲/-
- کنز المبین ۲/-/-

اسلامی لٹریچر کی کتابیں

- رکن الدین ۵/-/۰
- قصص الانبیا ۳/-/-
- ہزار مسئلہ -/۱۲/۰
- صبح کا ستارہ -/۱۲/۰
- شہید کربلا -/۸/۰
- قصہ حضرت ایوب -/۸/۰
- معراج رسول -/۸/۰
- قیامت نامہ -/۸/-
- بہشتی زیور اول حصہ -/۱۲/-
- ۔۔ ۔۔ مکمل ۸/-/-
- فسانہ آدم -/۸/۰
- فرحت المسلمین -/۶/-
- جہیز فاطمہ -/۸/-
- نماز کا پھل -/۱۳/-

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا۔ اسکو کافی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں۔ تو آج ہی ہمارے ہاں سے ایک کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر اُستاد کی مدد سے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف -/۱/- محصول ڈاک معاف

اردو ہندی ٹیچر

آجکل اردو اور انگریزی کے ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھلانے والی کتاب منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر اُستاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا سیکھ سکتا ہے

قیمت صرف /8/1 محصول ڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی